Supplications for forgiveness
یہ یونس علیہ السلام کی دعا ہے، اس کو ہمیشہ پڑھنا چاہیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس دعا کو پڑھے گا اس کی دعا قبول ہوگی۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ "نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے، تیری پاکی بیان کرتے ہیں، بے شک میں قصوروار ہوں۔"
نوح علیہ السلام کی دعا ہے، جب بیٹے کنعان کو ڈوبتے دیکھا تو اس کی نجات کے لیے دعا کی تھی، اللہ نے منع فرما دیا۔ اس سوال کی معافی کی دعا ہے: رَبِّ اِنِّىْۤ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِىْ بِهٖ عِلْمٌ ۗ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِىْ وَتَرْحَمْنِىْۤ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ "اے میرے رب! میں تیری ہی پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تجھ سے وہ مانگوں جس کا مجھے علم ہی نہ ہو۔ (تو مجھے بخش دے) اور اگر تو نہیں بخشے گا اور نہ رحم فرمائے گا تو میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔"
یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، جبکہ وہ کوہ طور سے تشریف لے آئے تھے۔ اَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الْغٰفِرِيْنَ ۝ وَاكْتُبْ لَنَا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِى الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَآ اِلَيْكَ ۗ "تو ہی ہمارا آقا ہے، پس ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر بخشنے والا ہے اور ہمارے لیے اس دنیا میں بھی نیکی لکھ دے اور آخرت میں بھی، بے شک ہم تیری طرف لوٹ آئے ہیں۔"

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۗ وَاغْفِرْ لَنَا ۗ وَارْحَمْنَا ۗ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾ ''اے ہمارے پروردگار! اگر ہم بھول جائیں یا چوک جائیں تو ہمیں نہ پکڑنا۔ اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا تھا، اے ہمارے پروردگار! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جس کی ہم طاقت نہیں رکھتے اور ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولیٰ (مالک) ہے، ہمیں کافروں کی قوم پر غلبہ عطا فرما۔''
یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے: رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ ''اے میرے رب! میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا ہے تو مجھے بخش دے۔''

یہ عرش اٹھانے والے فرشتوں کی دعا ہے:

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝ رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِۨ الَّتِيْ وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ۙ وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ۭ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ يَوْمَىِٕذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ۭ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ۧ

''اے ہمارے رب! تو نے ہر چیز کو اپنی رحمت اور علم سے گھیر رکھا ہے، تو انہیں بخش دے جو توبہ کریں اور تیری راہ کی پیروی کریں اور انہیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ اے ہمارے پروردگار! تو انہیں ہمیشگی والی جنتوں میں لے جا جن کا تو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو بھی جو ان کے آباء و اجداد اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد میں سے نیک ہوئے ہیں۔ بے شک تو ہی ہے زبردست حکمت والا اور انہیں تمام تکلیفوں (برائیوں) سے بچا لے، اور جن کو تو نے اس دن تکالیف (برائیوں) سے بچا لیا تو، تو نے اس پر رحم فرمایا اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے۔''

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ۚ

''اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے تو ہمارے گناہوں کو معاف کر دے اور آگ کے عذاب سے بچا۔''